# ۲۔ دلچسپی پر مبنی سرگرمیاں

## ۲ء۱ بھنگری (چکری)

**درکار وسائل:** گتا، ٹوتھ پک یا کیل، منکے، رنگین کاغذ کے ٹکڑے، قینچی، گوند وغیرہ۔

**سرگرمی/عمل کی ترتیب:**


(۱) گتے پر ۲ سینٹی میٹر کے قطر کا دائرہ بنا کر کاٹ لیجیے۔ مرکزی نقطے پر کیل کی مدد سے سوراخ کر لیجیے۔


(۲) ٹوتھ پک یا کیل میں منکا پرو کر باہری حصے پر چپکا دیجیے۔

(۳) گتے کا گول ٹکڑا منکے کے نیچے کیل کے درمیانی حصے پر لا کر چپکائیے۔

(۴) پھر سے ایک چھوٹا منکا پرو کر گتے کے گول ٹکڑے کے نچلے حصے میں چپکائیے۔ (منکے کی بجائے کاغذ کی ریل کا بھی استعمال کیا جا سکتا ہے)

(۵) بنی ہوئی بھنگری کے اوپری حصے کو اُنگلیوں سے پکڑ کر نوک دار حصہ زمین کی سطح پر گھما کر پھینکنے سے بھنگری گھومنے لگتی ہے۔





**میری سرگرمی:** گھر میں موجود شیشی کے ڈھکن کی مدد سے بھنگری بنائیے۔

- بھنگری بنانے کے لیے ضروری گروہی کام اور رہنمائی کریں۔
- تیار بھنگری گھما کر دِکھائیں۔

## ۲٫۲ جوکر

**درکار وسائل:** ماچس کی خالی ڈبیا، ڈرائنگ کاغذ، مختلف رنگوں کے کاغذ، پنسل، اسکیچ پین، قینچی - کٹر، آئسکریم کی تیلی، گوند وغیرہ۔

### سرگرمی/عمل کی ترتیب :

(۱) کاغذ پر جوکر کا سر، گردن، ہاتھ اور ٹوپی بنا کر اسے رنگ دیجیے۔

(۲) ماچس کی خالی ڈبیا کی دراز کے اندرونی حصے پر آئسکریم کی تیلی بیچوں بیچ چپکائیے۔

(۳) دراز کے اوپری حصے پر سر، ہاتھ، گردن وغیرہ چپکا لیجیے۔

(۴) ماچس کی ڈبیا کی اوپری جانب رنگین کاغذ سے بنائے ہوئے لباس چپکائیے۔

(۵) ماچس کی ڈبیا کی دراز آئسکریم کی تیلی کی سمت نیچے کی طرف ہو اس طرح ماچس کی ڈبیا میں رکھیے۔ (شکل دیکھیے)

(۶) آئسکریم کی تیلی اوپر- نیچے کر کے جوکر کے ہاتھوں کو حرکت دے کر دیکھیے۔
ماچس کی ڈبیا کی دراز کھڑکی کی شکل میں کاٹیے۔

(۷) ماچس کی ڈبیا کے اندرونی حصے کو تصویر کے مطابق موٹے کاغذ اور دوسری پٹیوں سے مضبوط بٹھائیے۔





♦ قینچی اور کٹر کا استعمال احتیاط سے کرنے کی ہدایت دیں۔ ضرورت کے مطابق طلبہ کی مدد/ رہنمائی کریں۔

## ۲٫۳ پھولوں کا ہار

**درکار وسائل :** مختلف قسم کے پھول ( گیندا، جوہی، نشی گندھا، للی ، ایسٹر وغیرہ)، اشوکا یا آم کے پتے، موٹا دھاگا، لمبی سوئی، قینچی وغیرہ۔

**سرگرمی/عمل کی ترتیب :**

(۱) جتنا لمبا ہار بنانا ہے اس سے تھوڑا زیادہ لمبائی کا دھاگا دوہرا کر کے اسے سوئی میں پرو لیجیے۔

(۲) ایک ہی قسم کے چار پانچ پھول دھاگے میں پرو لیجیے۔ اس کے بعد مختلف رنگوں کے دو یا تین پھول پرو لیجیے۔



(۳) پتوں کو دو یا تین تہہ دے کر پرو لیجیے۔

(۴) پہلے ہی کی طرح چار پانچ پھولوں کو دوبارہ ویسے ہی پرو کر جتنا لمبا ہار بنانا ہو، اتنی لمبائی تک اسی عمل کو دہرائیے۔ دھاگے کے دونوں سروں کو گانٹھ لگا کر تیار کیے ہوئے ہار کو زیبائش کے لیے استعمال کیجیے۔

**میری سرگرمی :**

- نیچے کی تصویروں کے پھولوں کا مشاہدہ کر کے اس کی بناوٹ سمجھیے۔





- بتائیے کہ پھولوں کا استعمال کن کن کاموں کے لیے ہوتا ہے۔

- سوئی ہاتھ میں نہ چبھے، اس بات کی احتیاط برتنے کے لیے کہیں۔
- ممکن ہو تو پھول بازار کی سیر کا اہتمام کریں یا پھر پھولوں کے ڈیکوریشن کرنے والے کسی فرد سے انٹرویو کا اہتمام کریں۔